# صوبائی اسمبلی شمال مغربی سرحدی صوبہ

اسمبلی کا اجلاس، اسمبلی چیمبر پشاور میں بروز جمعرات مورخہ 25 فروری 2010ء بمطابق 10 ربیع الاوّل 1431 ہجری چار بجکر تیس منٹ پر منعقد ہوا۔

جناب سپیکر، کرامت اللہ خان مسند صدارت پر متمکن ہوئے۔

---

## تلاوت کلام پاک اور اسکا ترجمہ

اعوذ باللہ من الشیطٰن الرجیم۔ بسم اللہ الرحمٰن الرحیم۔

أَقِمِ ٱلصَّلَوٰةَ لِدُلُوكِ ٱلشَّمۡسِ إِلَىٰ غَسَقِ ٱلَّيۡلِ وَقُرۡءَانَ ٱلۡفَجۡرِ إِنَّ قُرۡءَانَ ٱلۡفَجۡرِ كَانَ مَشۡهُودٗا O وَمِنَ ٱلَّيۡلِ فَتَهَجَّدۡ بِهِۦ نَافِلَةٗ لَّكَ عَسَىٰٓ أَن يَبۡعَثَكَ رَبُّكَ مَقَامٗا مَّحۡمُودٗا O وَقُل رَّبِّ أَدۡخِلۡنِي مُدۡخَلَ صِدۡقٖ وَأَخۡرِجۡنِي مُخۡرَجَ صِدۡقٖ وَٱجۡعَل لِّي مِن لَّدُنكَ سُلۡطَٰنٗا نَّصِيرٗا O وَقُلۡ جَآءَ ٱلۡحَقُّ وَزَهَقَ ٱلۡبَٰطِلُۚ إِنَّ ٱلۡبَٰطِلَ كَانَ زَهُوقٗا O وَنُنَزِّلُ مِنَ ٱلۡقُرۡءَانِ مَا هُوَ شِفَآءٞ وَرَحۡمَةٞ لِّلۡمُؤۡمِنِينَ وَلَا يَزِيدُ ٱلظَّٰلِمِينَ إِلَّا خَسَارٗا۔

(ترجمہ): آفتاب ڈھلنے کے بعد سے رات کے اندھیرے ہونے تک نمازیں ادا کیا کیجیئے اور صبح کی نماز بھی بے شک صبح کی نماز (فرشتوں کے) حاضر ہونے کا وقت ہے۔ اور کسی قدر رات کے حصے میں سو اس میں تہجد پڑھا کیجیئے جو کہ آپ کیلئے زائد چیز ہے امید ہے کہ آپ کا رب آپ کو مقامِ محمود میں جگہ دے گا۔ اور آپ یوں دعا کیجیئے کہ اے رب مجھ کو خوبی کے ساتھ پہنچائیو اور مجھ کو خوبی کے ساتھ لے جائیو اور مجھ کو اپنے پاس سے ایسا غلبہ دیجیو جس کے ساتھ نصرت ہو۔ اور کہہ دیجیئے کہ حق آیا اور باطل گیا گزرا ہوا (اور) واقعی باطل چیز تو یونہی آتی جاتی رہتی ہے۔ اور ہم قرآن میں ایسی چیزیں نازل کرتے ہیں کہ وہ ایمان والوں کے حق میں تو شفا اور رحمت ہے اور ناانصافوں کو اِس سے اُور الٹا نقصان بڑھتا ہے۔

## نشانزدہ سوالات اوران کے جوابات

جناب سپیکر: 'کوئسچنز آور'، ظاہر شاہ صاحب، سوال نمبر 529۔

* 529 ۔ جناب محمد ظاہر شاہ خان: کیاوزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ ایف ڈبلیواو(فرنٹیئر ورکس آرگنائزیشن) نے شاہراہ قراقرم تعمیر کی ہے;

(ب) آیایہ درست ہے کہ سڑک کی تعمیر کیلئے لوگوں سے زمین حاصل کی ہے;

(ج) آیایہ درست ہے کہ سڑک کی تعمیر کیلئے دندئ پل سے لیکر پنہ یار لاہور بشام تک استعمال کی گئی زمینوں کا بعض لوگوں کو معاوضہ دیاگیاہے اور بعض لوگوں کو معاوضہ نہیں دیاگیاہے، نیزاس سلسلے میں ان کیلئے ایوارڈ بھی تیار کیاگیاہے;

(د) اگر(الف)تا(ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو جن لوگوں کو معاوضہ دیاگیاہے اور جن کو معاوضہ نہیں دیاگیاہے توان کی علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے، نیز حکومت بقایالوگوں کو معاوضہ دینے کاارادہ رکھتی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ(وزیر مال واملاک): (الف) درست ہے۔

(ب) درست ہے۔

(ج) درست ہے۔

(د) سابق ڈپٹی کمشنر سوات / شانگلہ کے دستیاب کردہ ریکارڈ کے مطابق دس لوگوں کو معاوضہ دیاگیاہے لیکن جن لوگوں کو معاوضہ نہیں دیاگیاہے، ان کیلئے 30,59,845/93روپے درکار ہیں۔اس ضمن میں محکمہ مال صوبہ سرحد نے ایف ڈبلیو او (فرنیٹئر ورکس آرگنائزیشن) والوں سے رقم کی فراہمی کیلئے خط 8آٹھ اپریل2009 کوارسال کیاہے اوراسی سلسلے میں مورخہ 18آٹھارہ اپریل2009 کومتعلقہ محکمہ کے ساتھ سینیئر بورڈ آف ریونیو صوبہ سرحد کی سربراہی میں ایک میٹنگ بھی ہورہی ہے جونہی مذکورہ رقم فراہم کی گئ تومتعلقہ متاثرین / زمینداروں میں تقسیم کی جائے گی۔

جناب سپیکر: سپلیمنتری سوال پکښے شته دے جی؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جی سر۔

جناب سپیکر: جی، بسم اللہ کریں۔

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جناب سپیکر، انہوں نے میرے سوال کا جواب دیا ہے اور میں نے ان سے جز نمبر (د) اور جز نمبر (ج) میں پوچھا ہے کہ "جن لوگوں کو معاوضہ دیا گیا ہے اور جن لوگوں کو معاوضہ نہیں دیا گیا تو ان کی علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے، نیز حکومت باقی لوگوں کو معاوضہ ادا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے، تفصیل فراہم کی جائے"؟ تو سر، انہوں ان کی ڈیٹیل بھی نہیں دی ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ انہوں نے لکھا ہے کہ ہم نے انکو خط لکھا ہے تو یہ میری پانچویں دفعہ ہے اور جب سے میں اپنے حلقے سے Elect ہو کر آیا ہوں تو ہر دفعہ میں سوال پوچھتا ہوں اور مجھے جواب دیا جاتا ہے کہ ہم نے خط لکھا ہے اور ابھی تک اس خط کا جواب نہیں آیا۔ میری یہ ریکویسٹ ہے کہ اس کو کمیٹی میں بھیجا جائے، اس پر باقاعدہ محکمے والوں کو بلایا جائے اور یہ تقریباً تیس پینتیس کلو میٹر روڈ شاہراہ قراقرم پر ہے جو چین کے ساتھ ملا ہوا ہے تو ان میں دس لوگوں کو Compensation ملی ہوئی ہے اور باقی لوگوں کو نہیں ملی ہے، تو پورے محکمے کو بلایا جائے اور وہاں شانگلہ سے ڈی سی او وغیرہ۔۔۔۔

جناب سپیکر: پانچویں دفعہ آپکو یہی جواب ملتا ہے؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: یہی جواب ملتا ہے کہ ہم ان کو خط۔۔۔۔

جناب سپیکر: آپ میں کچھ 'چل ول' ہے یا ان میں ہے؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: جی، سر؟

جناب سپیکر: مرید کاظم شاہ صاحب! اس بے چارے کی پانچویں مرتبہ ہے اور یہ سوال پوچھتا ہے، جب پانچ دفعہ سلیکٹ ہو کر آیا ہے اور یہی جواب ہے۔

وزیر مال و املاک: سر، ہم نے ہر دفعہ Reminder دیا ہے لیکن محکمے والے کو ورکس کے پیسے دینے ہیں، ہم نے منسٹری کمیونیکیشن کو بھی لکھا ہے لیکن ان کی طرف سے کوئی رسپانس نہیں آرہا ہے لیکن اگر اس کا اور کوئی طریقہ کار ہے تو ہمیں بتائیں۔ ابھی بھی 23 تاریخ کو ہم نے ان کو Reminder دیا ہے کہ بھئی اسکا جواب دیا جائے لیکن ادھر سے کوئی رسپانس نہیں مل رہا ہے۔ یہ بات ٹھیک ہے کہ ان کی۔۔۔۔

(شور)

جناب عنایت اللہ خان جدون: سر، میری تجویز ہے کہ یہ کمیٹی کو بھیج دیں۔

جناب سپیکر: نہیں، ظاہر شاہ صاحب! آپ کیا سمجھتے ہیں؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: اس میں یہ ہے کہ محکمے والوں کو بلایا جائے اور ایف ڈبلیو او والوں کو بھی بلایا جائے اور کمیٹی میں بیٹھ کر اس سلسلے میں پے منٹ کا طریقہ کار طے کریں۔

جناب سپیکر: نگہت بی بی کوئی حل بتائیں۔

محترمہ نگہت یاسمین اورکزئی: حل یہ ہونا چاہیئے کہ جو ہمارے آنریبل منسٹر ہیں، چونکہ انہوں نے بار بار خط لکھا ہے اور محکمے والے جواب نہیں دیتے تو ایک تحریک استحقاق لے آئیں اپنی طرف سے اور ہاؤس اس کو منظور کرلے گا تو پھر استحقاق کمیٹی میں ان سے پوچھا جائے گا۔ میرے خیال میں یہ سب سے بہتر طریقہ ہے۔ (قہقہہ)

جناب سپیکر: آپ کیا کہتے ہیں، کمیٹی کو بھیج دیں؟

جناب محمد ظاہر شاہ خان: سر، کمیٹی کو بھیج دیں، ایف ڈبلیو او والے، چونکہ ان کے خلاف تحریک استحقاق ہم پیش کریں تو اس کا فائدہ نہیں ہوگا۔

جناب سپیکر: جی، منسٹر صاحب کیا کمیٹی میں بھیج دیں؟

وزیر مال واملاک: اگر معزز ممبر چاہتے ہیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question asked by the honourable Member, may be referred to the concerned Committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was carried)

Mr. Speaker: The ‘Ayes’ have it. The Question is referred to the concerned Committee. Mr. Ahmad Khan Bahadar Sahib, Question No. 621. Not present. Next, Dr. Zakirullah Khan Sahib, Question No. 676.

* 676 ۔ڈاکٹر ذاکر اللہ خان: کیا وزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 08-2007 اور 09-2008 کے دوران حکومت نے سرکاری عمارات، رہائشی کالونیز اور دیگر سکیموں کیلئے زمین خریدی ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ لیبر ڈیپارٹمنٹ نے بھی لیبر کالونی کیلئے زمین خریدی ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو لیبر ڈیپارٹمنٹ نے مختلف سکیمز کیلئے کہاں کہاں اور کتنی زمین خریدی ہے، فی کنال کتنی رقم مختص کی گئی تھی اور کتنی رقم ادا کی گئی ہے، ہر سکیم کی مکمل تفصیل بمعہ جگہ، کنال اور قیمت فراہم کی جائے؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ(وزیر مال واملاک): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) لیبر ڈیپارٹمنٹ نے ورکرز ویلفیئر بورڈ کی وساطت سے مختلف اضلاع میں لیبر کالونی کیلئے زمین خریدی ہے جس کی تفصیل درج ذیل ہے:

| ضلع / موضع | سکیم | ٹوٹل رقبہ |
|---|---|---|
| ہری پور کوٹ نجیب اللہ | ورکرز ویلفیئر کمپلیکس | 438 کنال 14 مرلہ |

قسم اراضی اور قیمت فی کنال درجہ ذیل ہیں۔

| سیریل نمبر | قسم اراضی | قیمت فی کنال |
|---|---|---|
| 1 | چاہی | 1286420 روپے فی کنال |
| 2 | چری آبی | 613600 روپے فی کنال |
| 3 | کنڈ | 389300 روپے فی کنال |
| 4 | میرا | 335200 روپے فی کنال |
| 5 | رکڑ | 277140 روپے فی کنال |
| 6 | غیر مزروعہ | 221060 روپے فی کنال |

ورکرز ویلفیئر بورڈ پشاور نے کل 22,94,02,000 روپے ضلع ریونیو آفیسر کو مہیا کئے، جس میں اب تک 20,07,12,069 روپے ادا کئے گئے ہیں جبکہ 02,86,84,931 روپے بقایا ہیں۔

مندرجہ بالا حصول اراضی پرائیویٹ گفت وشنید کی بنیاد پر ہوئی ہے۔

| ضلع | موضع | سکیم | ٹوٹل رقبہ |
|---|---|---|---|
| پشاور | شاہی بالا | لیبر کالونی | 760 کنال |

اس سلسلے میں 27500 روپے فی مرلہ کے حساب سے سال 08-2007 اور 09-2008 میں زمین خریدی گئی ہے جسکی رقم 418,000,000 روپے بنتی ہے۔ عوضانہ کی رقم مالکان میں تقسیم ہو چکی ہے اور انتقال اراضی بحق سیکرٹری ویلفیئر ورکرز بورڈ صوبہ سرحد کے نام تصدیق ہو چکا ہے۔ مندرجہ بالا حصول اراضی پرائیویٹ گفت وشنید کی بنیاد پر ہوئی تھی۔

Mr. Speaker: Any supplementary question?

ڈاکٹر ذاکراللہ خان: جناب سپیکر، زۀ مطمئن یم۔

جناب سپیکر: شکریہ جی۔ محمد جاوید عباسی صاحب، سوال نمبر 694۔

* 694 ۔جناب محمد جاوید عباسی: کیاوزیر مال صاحب ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیایہ درست ہے کہ حکومت مختلف اضلاع میں بندوبست اراضی کرنے کاارادہ رکھتی ہے؛

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ بعض اضلاع میں بندوبست اراضی کاکام مکمل ہو چکاہے؛

(ج) اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) اب تک کتنے اضلاع میں بندوبست اراضی ہو چکاہےاور کون کونسے اضلاع باقی ہیں، نیز حکومت ایبٹ آباد میں بندوبست اراضی کاارادہ رکھتی ہےاور کب تک، تفصیل فراہم کیاجائے؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ(وزیرمال واملاک): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) اب تک جن اضلاع میں بندوبست اراضی ہو چکاہے، ان کی تفصیل یوں ہے کہ لوئر دیر، اپر دیر، ملاکنڈاور کوہستان میں بندوبست اراضی باقی ہے۔ صوبائی حکومت تمام اضلاع میں بندوبست اراضی کرانے کاارادہ رکھتی ہے۔فی الوقت صوبائی کابینہ نے ضلع مانسہرہ میں بندوبست اراضی کرانے کااصولی فیصلہ کر لیا ہے۔ ضلع مانسہرہ میں بندوبست اراضی مکمل ہونے کے بعد ضلع ایبٹ آباد میں بندوبست اراضی کاکام شروع کرانے کیلئے مالی وسائل کومدنظر رکھتے ہوئے مناسب اقدامات کئے جائیں گے۔

| سیریل نمبر | نام ضلع | پہلابندوبست | دوسرابندوبست |
|---|---|---|---|
| 1 | ایبٹ آباد | 1905-06 | 1948-49 |
| 2 | مانسہرہ | 1905-06 | 1946-47 |
| 3 | بٹگرام | 1905-06 | 1966-67 |
| 4 | ہری پور | 1947-48 | 1981-82 |
| 5 | بونیر | 1982-83 | --- |
| 6 | سوات | 1982-83 | --- |
| 7 | شانگلہ | 1982-83 | --- |
| 8 | چارسدہ | 1876-77 | 1926-27 |

| | | | |
|---|---|---|---|
| 1928-29 | 1876-77 | نوشہرہ | 9 |
| 1929-30 | 1876-77 | پشاور | 10 |
| 1974-75 | 1903-04 | کوہاٹ | 11 |
| 1974.75 | 1903-04 | کرک | 12 |
| 1995-96 | 1878-79 | بنوں | 13 |
| 1995-96 | 1878-79 | لکی مروت | 14 |
| 1966-67 | 1904-05 | ٹانک | 15 |
| 1966-67 | 1904-05 | ڈیرہ اسماعیل خان | 16 |
| 1980-82<br>1925-26 | 1875-76 | مردان | 17 |
| 1980-82<br>1925-26 | 1876-77 | صوابی | 18 |
| تاحال جاری | 2001-02 | چترال | 19 |

Mr. Speaker: Any supplementary?

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں نے صرف انفارمیشن کیلئے یہ سوال نہیں کیا تھا، میں نے یہ پوچھا تھا کہ مختلف اضلاع میں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: بسم اللہ، جی بالکل۔

جناب محمد جاوید عباسی: میں نے صرف انفارمیشن کیلئے نہیں پوچھا تھا، میں نے کہا تھا کہ مختلف اضلاع میں بندوبست کب کئے گئے اور لسٹ کی وہ پوری تفصیل آئی ہوئی ہے۔ جناب سپیکر، یہاں چوبیس اضلاع میں ضلع ایبٹ آباد ایک ایسا ضلع ہے، میں آپ کا انتظار کر لیتا ہوں۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی جی، آپ کا۔

جناب محمد جاوید عباسی: ٹھیک ہے جناب سپیکر، میں نے کہا تھا کہ چوبیس اضلاع میں ضلع ایبٹ آباد ایک ایسا ضلع ہے جہاں 2005 میں محافظ خانے کو آگ لگنے سے تمام ریکارڈ جل گیا تھا، اس میں واجب العرض اور جتنا ریونیو کا ریکارڈ تھا، وہ جل گیا تھا۔ ضلع ایبٹ آباد صوبہ سرحد کا واحد ضلع ہے کہ اس میں ریونیو کا ریکارڈ موجود نہیں ہے، آگ لگی تھی اور رات کو پورا محافظ خانہ جل گیا تھا تو اس پر انکوائری کمیٹی بنائی گئی تھی اور اس نے رپورٹ دی تھی، منسٹر صاحب وہاں تشریف لے گئے، میں 2005 کی بات کرتا ہوں کہ سارا

ریکارڈ جل گیا ہے اور وہ کہہ رہے تھے کہ اگلے چھ مہینوں کے اندر اندر ہم آپ کا بندوبست شروع کریں گے۔ایک سال گزر گیااور دوسرا منسٹر گیا، پھر دو سال گزر گئے اور تیسرا منسٹر صاحب بھی گیا، میں یہ کہنا چاہ رہاہوں کہ اس ضلع میں کوئی ریونیو کا ریکارڈ موجود نہیں ہے، بڑے بڑے Important cases کورٹ میں چلے گئے تھے، پٹواریوں اور تحصیلدار کو Evidence کیلئے عدالتوں میں بلایا جاتا ہے اور کوئی ریکارڈ موجود نہیں ہے، لوگوں کو شاملات کا پتہ نہیں کہ یہ کس کے پاس ہے اور یہ پانی کے جو نالے تھے چونکہ واجب العرض جلنے کے بعد اس کا بھی کچھ پتہ نہیں چلا اور جو لٹھا موجود تھا، وہ بھی مکمل طور پر ختم ہو گیا ہے۔ میری یہ ریکویسٹ ہے اور منسٹر صاحب بھی بیٹھے ہوئے ہیں، الحمدللہ ان کے پاس عہدہ ہے اور بہت اچھے آدمی ہیں، مجھے یقین ہے کہ آج ایک ایسا حکم فرمادیں کہ اگلے دو تین مہینوں میں سب سے پہلے ضلع ایبٹ آباد میں۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: ہونا چاہیئے کیونکہ اگر یہ نہ ہوا تو پھر ہمارے لئے بہت بڑی پرابلم ہے۔آنے والے دنوں میں لودھی صاحب کی زمین اور نگزیب نلوٹھا صاحب لے لے گا اور یہ کل پھر رہ جائے گا اور کوئی ریکارڈ موجود نہیں ہوگا، جناب سپیکر۔

<u>جناب سپیکر</u>: قلندر لودھی صاحب۔

<u>Haji Qalandar Khan Lodhi</u>: Thank you, Janab Speaker.

<u>جناب سپیکر</u>: ضمنی کوئسچن۔

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: جناب سپیکر، بڑا اچھا پوائنٹ انہوں نے لیا ہے اور ہماری ضرورت بھی ہے۔یہ 2005 کا لیکن میں اس میں ایک تصحیح کرنا چاہتا ہوں اور وہ یہ کہ پہلا بندوبست 1905 اور 1906 میں ہوا ہے، میرے خیال میں 1872ء میں پہلا بندوبست پاکستان میں ہوا ہے تو میرے خیال میں یہ انفارمیشن ٹھیک نہیں ہے۔دوسری بات یہ ہے کہ یہ جو زمین کا نقشہ ہوتا ہے جسے ہم لٹھا کہتے ہیں یا مساوی ہوتی ہے یا وہ مثل الحقیقت ہے، یہ سب ریکارڈ جل چکا اور ہمارے پاس تو کچھ ہے ہی نہیں۔اگر یہ اس کے بندوبست کریں گے تو اس میں پتہ چل جائے گا کہ اس جگہ کا مالک کون ہے؟ یہ کس کی ہے اور اس کا مال جس کو کہتے ہیں، وہ معلوم ہو جائے گا، یہ بہت ضروری ہے جی۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی جی، 'کنگ آف کوہستان'، جی۔

<u>Mr Abdul Satar Khan</u>: Thank you, Sir.

جناب سپیکر: جی، عبدالستار خان صاحب۔

جناب عبدالستار خان: اس سوال میں جس طرح منسٹر صاحب نے فرمایا کہ ان اضلاع کی اراضی کا بندوبست ہو گیا ہے اور باقی لوئر دیر، اپر دیر، ملاکنڈ اور کوہستان میں بندوبست اراضی باقی ہے تو میں پوچھنا چاہتا ہوں کہ جو Backward District ہیں، جیسے مانسہرہ سے آگے ان کو بھی آپ اس پروگرام میں شامل کریں اور ٹائم فریم ہمیں دیا جائے تاکہ ہم اپنے اضلاع کی اراضی اس میں شامل کر سکیں۔

جناب سپیکر: جی، مخدوم صاحب، مخدوم مرید کاظم شاہ صاحب۔

وزیر مال واملاک: سر، میں پتہ کروں گا اور انہوں نے ایک ایسا پوائنٹ اٹھایا ہے کہ ٹوٹلی ریکارڈ نہیں ہے، اس پر میں معزز ممبر صاحب سے کہتا ہوں کہ میرے ساتھ بیٹھ جائیں، ہم دفتر میں بیٹھ جاتے ہیں اور پورے ریکارڈ کا اس میں تفصیلی پتہ کر لیتے ہیں اور اگر واقعی ایسی بات ہے کہ وہاں کوئی ریکارڈ نہیں ہے تو میں یہ سمجھتا ہوں کہ پھر ضلع کیسے چل رہا ہے، جب ریکارڈ نہیں ہے؟ اگر ایسی کوئی بات ہے تو انشاء اللہ میں یہ وعدہ کرتا ہوں کہ مانسہرہ کے بعد جب وہاں سے سٹاف فارغ ہو گا تو ہم ایبٹ آباد کو Consider کر لیں گے۔

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں نے کہا کہ 2005ء میں ریکارڈ جل گیا تھا، اگر یہ بات سچ نہیں ہے تو میں Resign کروں گا۔ جناب سپیکر، میں یہ بات کہتا ہوں اور یہ بات جو میں کہہ رہا ہوں کہ یہ بات سچ ہے اور کسی قسم کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں ہے، ماسوائے وہ کچھ ضمنی جو پٹواریوں کے ساتھ اس دن رات کو موجود تھا، اس کے علاوہ پورے ضلع کا پچھلے چھ سال سے کوئی ریونیو کا ریکارڈ نہیں اور ضلع چل رہا ہے تو ضلع کس طرح چل رہا ہے؟ یہ منسٹر صاحب بتا سکتے ہیں، میں نہیں بتا سکتا، لہذا مہربانی کریں کہ اس بات کو آج ہی یا اس کا کچھ ہونا چاہیئے۔

حاجی قلندر خان لودھی: سر، ان کی بات صحیح ہے اور یہ ہم کہتے ہیں کہ محافظ خانہ جل گیا، محافظ خانے میں جو ریکارڈ تھا، وہ جل گیا اور پٹواریوں کے پاس تھوڑا بہت تھا، اس سے ہمارے ضلع کا گزارہ چل رہا ہے، کم از کم وہاں ہمارے پاس ریکارڈ نہیں ہے۔

جناب سپیکر: لودھی صاحب! آپ سب تین چار ایم پی ایز ایبٹ آباد سے ہیں، منسٹر صاحب اور آپ سیشن ختم ہونے کے بعد ادھر سب بیٹھ کر جس طرح انہوں نے تسلی فرمائی پھر ان کے ساتھ وہ کر لیں گے۔
جاوید عباسی صاحب کو نسچین نمبر جی؟

جناب محمد جاوید عباسی: کوئسچن نمبر 699۔

جناب سپیکر: کیا جی؟

جناب محمد جاوید عباسی: 699جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: 693بھی آپ کا ہے جو مجھ سے رہ گیا تھا؟

جناب محمد جاوید عباسی: ہاں، یہ 693بھی ہے اور یہ چونکہ اضافی ایجنڈے پہ آیا ہے۔

* 693 ۔جناب محمد جاوید عباسی: کیا وزیر مال ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ مال میں پٹواریوں کے تبادلوں کیلئے ایک طریقہ کار موجود ہے؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ پٹواریوں کیلئے ایک جگہ پر تعینات رہنے کیلئے کوئی قانون موجود ہے؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) پٹواریوں کے تبدیل کرنے کا اختیار کس کو حاصل ہے اور کس کی منظوری سے تبادلے کیے جاتے ہیں؛

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں تعینات تمام پٹواریوں کے تعداد بتائی جائے اور مذکورہ پٹواری کس کس علاقے میں کتنے عرصہ سے تعینات ہیں، مکمل تفصیل فراہم کی جائے؟

مخدوم زادہ سید مرید کاظم شاہ (وزیر مال واملاک): (الف) جی ہاں، پٹواریوں کے تبادلے کیلئے صوبائی حکومت کا طریقہ کار اور پالیسی موجود ہے۔

(ب) پالیسی کے مطابق عام طور پر تعیناتی تین سال ہے، البتہ ضرورت کے مطابق جزوی طور پر وقتاً فوقتاً حالات وواقعات کو مدنظر رکھتے ہوئے تبادلے کیے جاتے ہیں۔

(ج) (i) قانون کے مطابق پٹواری کو تبدیل کرنے کا اختیار ضلعی ریونیو آفیسر کے پاس ہے، چونکہ محکمہ مال نے تبادلوں پر پابندی عائد کی ہوئی ہے، اسلئے ضرورت کے تحت محکمہ مال کی باقاعدہ منظوری سے پٹواری کے تبادلے کیے جاتے ہیں۔

(ii) ضلع ایبٹ آباد میں پٹواریوں کی کل تعداد بچھتر ہے، جہاں تک پٹواری کی تعیناتی کا تعلق ہے کہ وہ کس کس علاقہ میں کتنے عرصہ سے تعینات ہیں، اس بارے میں تفصیل ضمیمہ (الف) میں درج ہے۔

جناب سپیکر: اس میں کوئی سپلیمنٹری ہے؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں نے یہ پوچھا تھا کہ ریونیو کے محکمے میں سب سے چھوٹا آدمی وہ پٹواری ہے، میں نے پوچھا تھا کہ پٹواریوں کا کوئی Tenure ہوتا ہے؟ اور جناب منسٹر صاحب نے بڑی

مہربانی کی ہے اور ان کے آنے سے پہلے کا یہ سوال تھا، منسٹر صاحب آئے ہوئے ہیں تو اس میں میں نے کہا تھا کہ یہاں سے منسٹر، سیکرٹری اور ایس ایم بی آر پٹواری تبدیل کرتا ہے، قانون کے مطابق پٹواری ڈسٹرکٹ ریونیو آفیسر کو کرنا چاہیئے، یہ کونسی مخلوق ہے؟ یہ کیوں اتنی Important مخلوق ہے کہ جس کا تبادلہ کرنے کیلئے ہمیں منسٹر صاحب کے گھروں میں، دفتروں میں ایس ایم بی آر کے پاس بیٹھنا پڑتا ہے اور جناب، آج جس کے ساتھ لسٹ لگائی گئی ہے تو میں وہ کہہ رہا ہوں جن پٹواریوں کی انہوں نے بات کی ہے اور یہ تا حال اپنی اپنی جگہ پہ ہیں، میں بیس پٹواریوں کے نام لے کر کہتا ہوں کہ یہ اگر اپنی اپنی جگہ پہ ہوں، میں نے جو پہلے بات کی، اس پہ میں اب بھی قائم ہوں، میں نام لے رہا ہوں اور یہ ریونیو ڈیپارٹمنٹ اتنی غلط انفارمیشن دے رہا ہے جناب سپیکر، اکمل خان جو انہوں نے کہا ہے کہ یہ شیخ البانڈی میں لگا ہوا ہے، یہ بالکل نہیں لگا ہوا۔ جناب چن زیب خان انہوں نے کہا ہے کہ یہ کاکول میں Posted ہے، بالکل نہیں۔ انہوں نے کہا کہ سردار ہمایون میرپور میں اپوائنٹ ہوا ہے، بالکل نہیں۔ انہوں نے کہا ہے کہ بابو رحمان قریشی نواں شہر میں، اس طرح میں کئی پٹواریوں کے بارے میں بتا سکتا ہوں کہ پچھلے ایک مہینے میں تین دفعہ تبدیلی ہوئی ہے۔ جناب سپیکر! یہ ایک ضلع کا مسئلہ نہیں ہے، یہ تمام اضلاع کا مسئلہ ہے، پالیسی کی بڑی Violation ہو رہی ہے۔ اگر آپ نے ریونیو کا ایک بہت بڑا افسر وہاں بٹھایا ہوا ہے تو وہ کس لئے بٹھایا ہوا ہے؟ اگر آپ نے ٹرانسفر۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی۔

<u>جناب محمد جاوید عباسی</u>: تو منسٹر صاحب اور سیکرٹری صاحب نے کرنی ہے۔ مہربانی کر کے میرا یہ کوئسچن کمیٹی کے حوالے کیا جائے کیونکہ اس میں جتنی انفارمیشن دی گئی ہے تو جناب منسٹر صاحب ابھی آئے ہیں تو جتنی انفارمیشن انہوں نے دی ہے، وہ Correct نہیں ہے۔

<u>جناب سپیکر</u>: جی منسٹر ریونیو، پلیز۔

(قطع کلامی)

<u>جناب سپیکر</u>: ایک منٹ، آپ بتائیں جی؟

<u>حاجی قلندر خان لودھی</u>: جناب سپیکر، پٹواریوں کی ٹرانسفرز ایم پی ایز کے مرضی کے بغیر کی جاتی ہیں حالانکہ ایم پی ایز کو صحیح معلومات ہوتی ہیں۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر</u>: لودھی صاحب کا مائیک آن کریں۔

حاجی قلندر خان لودھی: اس میں یہ ہے کہ مرید کاظم صاحب اب آئے ہیں، ان سے پہلے بھی وہ ہمارے بھائی تھے اور اب منسٹر بھی ہیں لیکن آپ بھی کہتے ہیں، ہمارے سی ایم صاحب بھی کہتے ہیں اور گورنمنٹ بھی کہتی ہے کہ ایم پی ایز کے حلقے میں کوئی مداخلت نہیں ہوگی تو پھر ہمیں پتہ نہیں ہے، پٹواری کے متعلق وہ Sittingایم پی اے صحیح جانتا ہے کہ یہ آدمی اچھا ہے یا نہیں۔ اب ہمیں ایک آدمی نہیں چاہیئے، ہم اس کی تبدیلی کروائیں گے کہ یہ کس کی وجہ سے ہورہی ہیں؟

جناب سپیکر: جی، مرید کاظم شاہ صاحب۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: ضمنی کوئسچن ہے، سر۔

جناب سپیکر: جی کیا؟

جناب عنایت اللہ خان جدون: ضمنی کوئسچن ہے۔

جناب سپیکر: پھر آپ لوگ تقریر شروع کرتے ہیں۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: نہیں، میں نے تقریر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: ہاں؟ میرے ایبٹ آباد کے بھائیوں! آپ ہر بات پر اٹھتے ہیں تو پھر دوسرے بھی اٹھتے ہیں۔ جی عنایت جدون صاحب۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: شکریہ۔ جناب سپیکر، میں منسٹر صاحب سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا یہ درست ہے کہ اکمل خان پٹواری میرپور میں لگا ہوا ہے اور ایک ہفتہ پہلے وہ وہاں پہ لگا ہے اور کیا یہ بات بھی درست ہے کہ کل اس کی ٹرانسفر کردی گئی ہے بغیر کسی وجہ کے۔۔۔۔

جناب سپیکر: مرید کاظم شاہ صاحب۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: ایک ہفتے کے بعد؟

وزیر مال واملاک: سر!

جناب سپیکر: مرید کاظم شاہ صاحب جی۔

وزیر مال واملاک: سر، یہ کوئسچن بہت پرانا ہے اور جو لسٹ آئی ہوئی ہے تو یہ اس وقت کی ہے۔ اب ویسے بھی انہوں نے کہا کہ یہ بورڈ آف ریونیو کرتا ہے یا منسٹر کرتا ہے، تو یہ نہ بورڈ آف ریونیو کرتا ہے اور نہ منسٹر کرتا ہے بلکہ یہ ڈی او آر کرتا ہے تو یہ اس کا اختیار ہے اور وہی ہم نے اختیار کیا۔ ہاں، ہمارے ایم پی ایز صاحبان آتے ہیں تو ہم انہیں سفارشی خط دے دیتے ہیں۔ یہ نہیں ہوتا کہ وہ ہمارا Actual آرڈر ہوتا بلکہ یہ ڈی او آر

کرتا ہے اور دوسرا جو انہوں نے کہا ہے کہ ان کو مزید لسٹ چاہیئے تو یہ میرے پاس آ جائیں، میں لسٹ منگوا لوں گا، میں انفارمیشن مانگ لوں گا اور انہوں نے مجھے کہا ہے کہ اگر وہ غلط ٹرانسفر ہوئے ہیں تو وہ کینسل ہو جائیں گے اور اگر میرٹ پہ ہوئے ہیں تو اور بات ہے۔

جناب سپیکر: جی، جاوید عباسی صاحب کو نسچن نمبر؟

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، اس سوال پہ ہماری تسلی نہیں ہوئی ہے۔ آپ مہربانی کریں اور میں نے یہاں عرض کی تھی کہ یہ سوال کمیٹی کے حوالے کیا جائے۔ میں On oath کہہ رہا ہوں کہ جتنی انفارمیشن آپ کی ٹیبل پہ پڑی ہے، یہ سب غلط ہے۔ جب ڈیپارٹمنٹ نے ساری انفارمیشن غلط دی ہے تو میں منسٹر صاحب کے ساتھ بیٹھ کر کیا کروں گا؟ میں کہہ رہا ہوں جی کہ یہ بہت بڑا ظلم ہے کہ ایک ڈیپارٹمنٹ تمام ہاؤس کو غلط انفارمیشن Provide کر رہا ہے تو یہ کمیٹی کے حوالے ہونا چاہیئے۔

Mr. Speaker: Is it the desire of the House that the Question No. 693 asked by the honourable Member may be referred to the concerned committee? Those who are in favour of it may say ‘Aye’ and those against it may say ‘No’.

(The motion was defeated)

Mr. Speaker: The ‘Noes’ have it. Javed Abbasi Sahib, Question No. 699.

جناب محمد جاوید عباسی: جناب سپیکر، میں اپنے سوال کو Withdraw کرتا ہوں اور مجھے اپنی بے بسی نظر آتی ہے۔ تھینک یو ویری مچ، جناب سپیکر۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: جی، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: شکریہ سر۔۔۔۔

حاجی قلندر خان لودھی: میں بھی اس میں تھوڑا سا کہنا چاہتا تھا تو۔۔۔۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: نہیں، وہ پیش ہی نہیں ہوا نا۔

جناب عنایت اللہ خان جدون: جناب، میں اس پر۔۔۔۔

جناب سپیکر: آگے بڑھنا ہے جی، آپ کا دن ہے اور تھوڑا وہ بھی، بہت لمبا ایجنڈا ہے اور آپکے ساتھ ریونیو کا منسٹر ویسے بھی بیٹھ رہا ہے نا اور مؤور نے ٹوٹل Withdraw کیا۔ جی، اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

* 579 ۔جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: کیا وزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ خزانہ ہر سال این ایف سی ایوارڈ کے تحت مرکزی حکومت سے رقوم وصول کرتا ہے;

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ آئین پاکستان کے تحت ایوارڈ کے اناؤنس ہو جانے کے بعد اس میں ترمیم نہیں ہو سکتی;

(ج) آیا یہ درست ہے کہ این ایف سی ایوارڈ میں ترمیم صوبوں کی مرضی سے ہوئی;

(د) آیا یہ بھی درست ہے کہ صوبہ سرحد حکومت نے صدر مملکت کو ایوارڈ میں ترمیم اور اضافہ کا اختیار دیا تھا;

(ہ) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) این ایف سی ایوارڈ کے تحت رقوم کی تفصیل 1971 سے لے کر تا حال فراہم کی جائے;

(ii) گزشتہ دور حکومت میں صدر مملکت کی جانب سے این ایف سی ایوارڈ 1997 میں ترمیم اور اضافہ آئین کی کس شق کا حوالہ دیتے ہوئے اور کن عوامل کی وجہ سے کیا گیا، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب محمد ہمایون خان (وزیر خزانہ)</u> (جواب وزیر بلدیات نے پڑھا): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی ہاں۔

(ج) جی نہیں، ہر ایک صوبہ اپنی اپنی ضروریات کے مطابق این ایف سی ایوارڈ کیلئے اپنا کیس پیش کرتا ہے۔

(د) جی ہاں، مشروط طور پر دیا تھا۔

(ہ) (i) مرکزی حکومت سے وصول شدہ رقم 1973 تا 09-2008 کی تفصیل ایوان کو فراہم کی گئی۔

(ii) قومی مالیاتی ایوارڈ 1996 کی میعاد 02-2001 میں ختم ہوئی۔ چھٹا قومی مالیاتی کمیشن 22 جولائی 2000 کو اور دوبارہ 13 نومبر 2003 کو صدر پاکستان نے تشکیل دیا جو کسی متفقہ فیصلے پر نہ پہنچ سکا اور اس طرح یہ معاملہ صدر پاکستان کے حوالے کیا گیا تا کہ وہ ایک منصفانہ اور مساویانہ ایوارڈ کا اعلان کرے۔ صدر پاکستان نے آئین کی شق (6)160 کے تحت اپنے اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے ایک حکمنامہ یکم جولائی 2006 کو 'ڈسٹری بیوشن آف ریونیو اینڈ گرانٹس۔ان۔ایڈ ترمیمی آرڈر' کے نام سے جاری کیا جسکے ذریعے قومی مالیاتی ایوارڈ 1996 میں ترمیم کی گئی۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو، سر۔ سر، یہ سوال نمبر 579 محکمہ خزانہ کے متعلق ہے، اگر اس کو دیکھا جائے تو نہایت ہی اہم ہے۔

Mr. Speaker: Any supplementary ji?

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: تھینک یو۔ سر، ہاؤس اور وزراء صاحبان کو اگر In order کروادیں۔ سر، اس میں جو 'این ایف سی ایوارڈ' ہے، اس کے متعلق میں نے پوچھا ہے کہ جب ایوارڈ اناؤنس ہو جائے تو کیا اس میں ترمیم نہیں ہو سکتی؟ تو انہوں نے آگے لکھا ہے کہ جی ہاں، نہیں ہو سکتی۔ آگے چل کر اس کے آخری جز میں سر، میں نے ان سے پوچھا ہے کہ صدر مملکت کو وہ اختیار کس شق کے تحت دیا تھا؟ تو انہوں نے لکھا ہے کہ آئین کے آرٹیکل 160 سیکشن نمبر (6) کے تحت ہم نے اختیار دیا تھا، اگر آپ آئین اٹھا کر دیکھ لیں تو آئین میں یہ ہے کہ جب ایوارڈ ایک بار اناؤنس ہو جائے تو اس میں ہو ہی نہیں سکتا ہے تو مطلب یہ ہے کہ یہ Totally غیر آئینی کام تھا جو گزشتہ دور حکومت میں ہوا، نمبر (1) اور جز نمبر (ج) میں نے ان سے پوچھا ہے کہ 'این ایف سی ایوارڈ' میں ترمیم صوبوں کی مرضی سے ہوا تھا اور یہ کہتے ہیں کہ جی نہیں، اور جز نمبر (د) کے جواب میں میں نے ان سے کہا ہے کہ صدر مملک کو آپ نے اختیار دیا تھا تو یہ کہتے ہیں کہ جی ہاں، مشروط طور پر دیا تھا تو سر، یہ Totally confusion ہے کیونکہ یہ صوبے کے حقوق پہ ایک بہت بڑا قدغن بھی لگایا گیا تھا۔ ان کے پاس ایک اختیار ہی نہیں، انہوں نے صدر مملکت کو دے دیا، انہوں نے Already 1996 کے 'این ایف سی' میں ترمیم کر کے دوبارہ ان کو دے دیا تو میں سمجھتا ہوں اگر یہ کمیٹی کو ریفر ہو جائے اور Terms of reference میں جناب ثاقب خان اور عبدالاکبر خان بھی ہمارے ساتھ ہو جائیں اور اس پہ باقاعدہ ایک رپورٹ آنی چاہیئے۔

جناب سپیکر: جی، جناب کون؟

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر، چونکہ ایک انتہائی اہم ایشو کی طرف توجہ دلائی ہے۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، عبدالاکبر خان۔

جناب عبدالاکبر خان: انہوں نے پوچھا ہے کہ آیا یہ بھی درست ہے کہ 'این ایف سی ایوارڈ' میں ترمیم زیادہ تر صوبوں کے نہیں، آیا یہ بھی درست ہے کہ آئین پاکستان کے تحت ایوارڈ کے اناؤنس ہو جانے کے بعد اس میں ترمیم ہو سکتی ہے تو انہوں نے کہا کہ جی ہاں، آپ ہمیں بتائیں کہ آئین کے کس آرٹیکل کے تحت جب ایک دفعہ Recommendation میں ترمیم ہو سکتی ہے؟ لیکن جب ایک دفعہ ایوارڈ اناؤنس ہو جائے تو ایوراڈ کے اناؤنس ہونے کے بعد آئین کی کس شق کے تحت اس میں ترمیم ہو سکتی ہے؟ کیونکہ

جناب سپیکر، آئین تو Very much clear ہے تو میرے خیال میں ان کو جواب غلط دیا گیا ہے کیونکہ آئین کے کسی آرٹیکل، کسی سب آرٹیکل، کسی کلاز کے تحت ایک دفعہ اناؤنس شدہ ایوارڈ کے بعد اب اس میں ترمیم نہیں کی جاسکتی، کسی طرح بھی نہیں کی جاسکتی تو یہ بہت انتہائی زیادتی ہوئی کہ آپ ایک صدر کو اختیار دیتے ہیں تو کمیشن کا کیا اختیار رہ گیا؟ نیشنل فنانس کمیشن کی جو کمپوزیشن ہے، اس میں ہر صوبے سے دو دو ممبرز ہیں اور اس میں مرکز کا ایک ممبر شامل ہوتا ہے، باقی جو نو ممبرز ہیں، ان میں آٹھ ممبرز صوبوں کے ہیں تو میری ہاؤس سے درخواست ہوگی کہ یہ Clear cut violation آئین کی ہوئی ہے، جو ایوارڈ کے اناؤنس ہونے کے بعد اس میں ترمیم ہوئی ہے اور اس کے تحت جو ڈسٹری بیوشن ہوئی ہے، وہ بھی غلط اور غیر آئینی ہوئی ہے، اسلئے اگر یہ کمیٹی کے حوالے کیا جائے تو میرے خیال میں زیادہ مناسب ہوگا۔

جناب سپیکر: جی، مفتی کفایت اللہ صاحب۔

جناب بشیر احمد بلور {سینیئر وزیر (بلدیات)}: جناب سپیکر، زۀ خبره کول غواړم۔

جناب سپیکر: دۀ پسے جی، تاسو به د ټریژری بنچز نه جواب ورکوئ۔ جی کفایت اللہ صاحب۔

سینیئر وزیر (بلدیات): جناب سپیکر، دا کوئسچن د یو اهم ایشو باره کښے دے او اوس هاؤس کښے منسټر صاحب هم نشته او مونږ دا غواړو چه د فنانس منسټر کله پورے را نه شی نو د هغه وخت پورے د دا کوئسچن ډیفر کړے شی۔

Mr. Speaker: So this question No.579 is deferred for next-----

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر۔

جناب سپیکر: جی اسرار اللہ خان گنڈاپور صاحب۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ ڈیفر ہو گیا ہے؟

جناب سپیکر: ہاں، یہ ڈیفر ہو گیا ہے۔

مفتی کفایت اللہ: دا پاتے شو جی؟

جناب سپیکر: او پاتے شو۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: سر، یہ دوسرا بھی فنانس کے متعلق ہے، اس کو بھی ڈیفر کریں گے؟ سر، کیبنٹ Collectively responsible ہے، میں سمجھتا ہوں کہ-----

سینیئر وزیر (بلدیات): یہ صحیح ہے کہ کیبنٹ Responsible ہے مگر وہ ابھی تک نہیں آئے اور یہ ایک اہم ایشو ہے، اس پہ وہ صحیح طریقے سے ان کو مطمئن نہیں کر سکتے ہیں تو اسلئے میں نے کہا کہ ان کے آنے تک وہ ڈیفر کر لیں۔

جناب سپیکر: وہی بات اس میں بھی ہے۔

جناب اسرار اللہ خان گنڈاپور: ٹھیک ہے جی۔

Mr. Speaker: Okay. It is also deferred. The Question No. 580 was also deferred. Mohammad Zahir Shah Khan, Question No. 586.

جناب محمد ظاہر شاہ خان: کوسچن نمبر 586۔

جناب سپیکر: دا هم د فنانس متعلق دے جی، نو ستاسو څه خیال دے ؟ It is also deferred. تھیک شو، تھینک یو جی۔ ملک قاسم خان خټک صاحب! دا څه شے دے ؟ دا هم د فنانس متعلق دے جی، It is also deferred۔ محمد زمین خان صاحب، کوئسچن نمبر 270۔ Not present۔ محترمہ یاسمین ضیاء صاحبہ، سوال نمبر 299۔

* 299 ۔ محترمہ یاسمین ضیاء: کیا وزیر آبپاشی و توانائی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ مروت کینال سے ضلع لکی مروت کی زمین سیراب ہوتی تھی؛

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ تقریباً دس بارہ سال سے مذکورہ زمینوں کو پانی مہیا نہیں کیا جاتا؛

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت ضلع لکی مروت کی زمینوں کو مروت کینال کے ذریعے پانی مہیا کرنے کا ارادہ رکھتی ہے اور اگر جواب نفی میں ہو تو وجوہات بتائی جائیں؟

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): (الف) جی ہاں۔

(ب) جی نہیں، بلکہ اس سلسلے میں وضاحت کی جاتی ہے کہ باران ڈیم میں مٹی بھر جانے کی وجہ سے پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش کم رہ گئی ہے لیکن پھر بھی زمینداروں کی ضرورت کی بناء پر نہر کے ذریعے مذکورہ زمینوں کو پانی مہیا کیا جاتا ہے۔

(ج) مروت کینال ضلع بنوں اور ضلع لکی مروت کے اضلاع کیلئے 1962 میں تعمیر کیا گیا تھا، جس سے ان اضلاع کی تقریباً 170000 ایکڑ زمین سیراب ہوتی تھی لیکن وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ ڈیم میں مٹی بھر جانے کی وجہ سے پانی ذخیرہ کرنے کی گنجائش کافی کم رہ گئی ہے اور اس طرح مذکورہ ڈیم کی Useful لائف ختم ہو چکی ہے، جس کیلئے محکمہ ہذا نے موجودہ ڈیم میں مزید پانی ذخیرہ کرنے کیلئے باران ڈیم کی اونچائی

تجویز کی ہے اور ساتھ ساتھ کرم تنگی ڈیم کی تعمیر بھی زیر غور ہے جس سے مروت کینال کے بہاؤ میں کافی بہتری آجائے گی بلکہ موجودہ صورت میں محکمہ نے ہنگامی بنیادوں پر اسی سال 09-2008 اے ڈی پی میں باران ڈیم سے ایک Outlet جس کا تخمینہ لاگت (M)99.787 ہے، برائے مروت کینال بنانے کا ارادہ رکھتی ہے، جس کی تعمیر ہونے پر ضلع لکی مروت کی زمینوں کی سیرابی میں کافی حد تک اضافہ ہوگا۔ سکیم ہذا کیلئے کنسلٹنٹ کی تعیناتی کا عمل شروع کر چکا ہے، کنسلٹنٹ مقرر ہونے کے بعد ڈیٹیل ڈیزائن و اسٹیٹمنٹ تیار کرنے کے بعد ٹینڈر دیا جائے گا، البتہ مذکورہ پراجیکٹ پی ڈی ڈبلیو پی میں بتاریخ 14-02-2009 کو منظور ہو چکی ہے جس کی (TOR) ٹرمز آف ریفرنس برائے منظوری تیار کرنے کے بعد از منظوری ٹینڈر کی تشہیر بہت جلد کی جائے گی۔

Mr. Speaker: Any supplementary ji?

محترمہ یاسمین ضیاء: تھینک یو، مسٹر سپیکر۔ سپلیمنٹری کوسچن اس میں یہ ہے کہ جو جواب مجھے دیا گیا ہے، اس سے میں Satisfied نہیں ہوں اور جواب میں نے خود ہی لکھا ہے اور ایک طرف محکمہ کہہ رہا ہے کہ ڈیم میں مٹی بھر گئی ہے اور اس کی Useful life ختم ہو چکی ہے جبکہ دوسری طرف خود ڈیپارٹمنٹ کہہ رہا ہے کہ موجودہ صورت میں محکمے نے ہنگامی بنیادوں پر اسی سال 09-2008 اے ڈی پی میں باران ڈیم سے ایک Outlet جس کا تخمینہ لاگت فلاں فلاں ہے، برائے مروت کینال بنانے کا ارادہ رکھتی ہے جس کی تعمیر ہونے پر ضلع لکی مروت کی زمینوں کی سیرابی میں کافی حد تک اضافہ ہوگا۔ جناب سپیکر، اس میں اگر دیکھا جائے تو 170000 ایکڑ زمین جو سیراب ہوتی تھی لکی مروت کی، وہ تمام زمینیں بنجر ہو چکی ہیں اور ان کو کسی طریقے سے بھی پانی مہیا نہیں کیا گیا۔ میرے خیال میں دس بارہ سال سے جب میر افضل خان کی حکومت اس وقت تھی تو اس وقت اس میں دوبارہ پانی چھوڑا گیا تھا لیکن اس کے بعد یہ پانی پھر بند ہو گیا اور ڈیپارٹمنٹ نے اس وقت سے آج تک اس پر کوئی بھی ایسا کام نہیں کیا کہ ان زمینوں کو دوبارہ سیراب کیا جائے۔ مجھے اگر۔۔۔۔

جناب سپیکر: جی، جی۔

محترمہ یاسمین ضیاء: مجھے اگر اس پر منسٹر صاحب کوئی جواب دے سکیں۔

جناب سپیکر: ملک قاسم خان صاحب! سپلیمنٹری سوال جی۔

ملک قاسم خان خٹک: سر، اس میں میری سپلیمنٹری یہ ہے کہ یہاں انہوں نے لکھا ہے کہ کرم تنگی ڈیم کی تعمیر بھی زیر غور ہے، میں تمام منسٹرز صاحبان سے آپ کی وساطت سے پوچھنا چاہتا ہوں کہ کیا کرم تنگی

ڈیم زیر غور ہے؟ اس میں تو انہوں نے کام بھی ختم کر دیا ہے اور آیا حکومت کرم تنگی ڈیم بنانے کا ارادہ رکھتی ہے؟

جناب سپیکر: جی، پرویز خان خٹک صاحب۔

وزیر آبپاشی: جناب سپیکر، کرم تنگی ډیم د لا ء اینډ آرډر د وجه نه Delay شوے دے او کله چه حالات ټھیک شی نو دوئ ته هم پته ده چه هغه کار د واپډے سره تعلق لری او Further به مونږه تا سو سره په ډیټیل خبره اوکړو او بل طرف ته چه کوم د لکی مروت کینال دے او د ډیم هغه خپل لائف ختم شوے دے، Silt up شوے دے نو زهٔ دا منم چه ایریگیشن ډیپارټمنټ انتهائی سستی کړے ده چه لس کاله کښے په دے باندے هیڅ کار نه دے شوے لیکن 09-2008 کښے ایمرجنسی کښے دے باندے زمونږه اے ډی پی کښے 99.7 ملین روپئ راغلے دی او دا چه کوم بارانی ډیم دے او د دے د لفټ پروگرام دے چه دا مونږه Site ځائے نه رااوچت کړو او دیکښے چه د اوبو نور گنجائش پیدا شی نو دے د پاره تقریبا ټوله کارروائی Complete شوے ده او 'پی ډی ډبلیو پی' نه چوده فروری 2009 باندے منظوری هم شوے ده او ریفرنس چه کوم دے د 'ټی او آر' نو د هغے منظوری هم شوے ده او انشاء الله ډیر زر به په هغے باندے ټینډر اوشی۔

جناب سپیکر: دا څه به کوئ، De silting به ئے کوئ او که نه دا ډیم به Raise کوئ؟

وزیر آبپاشی: Rasing دے جی، دا Raising programme دے او هغه Raising چه اوشی نو هغه له به۔۔۔۔

جناب سپیکر: Reservoir نور پیدا کوئ؟

وزیر آبپاشی: Dams' de silting نه شی کیدے جی او هغه نا ممکنه ده۔

جناب سپیکر: د ملک قاسم خان خټک صاحب د سوال صحیح جواب رانغلو د کرم تنگی ډیم۔

وزیر آبپاشی: جناب سپیکر، دیکښے هغه ذکر هم اوکړو۔۔۔۔

جناب سپیکر: کرم تنگی ډیم ډیر غټ سکیم دے پرویز خان، دا پریښودل نه دی پکار۔ دا دومره لویه زمکه ده چه په دے باندے مخکښے هم په اسمبلئ کښے دوه درے میټنګونه شوی دی او زما په خیال کافی حده پورے لرے تلی وو او د لاء اینډ آرډر مسئله هم نه وه خو بے غوره شوے ده نو دا بے غورئ یوړو۔

وزیر آبپاشی: نو دا اصل کښے جی واپډا سره تعلق لری، که تاسو وایئ نو مونږه به یو میټنګ رااغواړو او قاسم خټک صاحب به پکښے هم رااوغواړو۔

جناب سپیکر: بلکه آنریبل ممبر صاحب د پاره دغه کوؤ چه مونږه بیا په دے میټنګ رااغواړو۔ په 9 تاریخ باندے زما په خیال مونږه میټنګ راغوښتے دے، راغواړو۔ په دے باندے به د ایریګیشن منسټر صاحب سره کښینو او دوئ به رااوغواړی۔ مفتی سید جانان صاحب، سوال نمبر 456۔

* 456 ۔ مفتی سید جانان: کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ تحصیل ٹل کے اکثر و بیشتر ٹیوب ویل برائے آبپاشی بجلی کی کم وولٹیج کی وجہ سے بند پڑے ہوئے ہیں جس کی وجہ سے موجودہ فصلیں تباہ ہو رہی ہیں؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو حکومت نے مذکورہ ٹیوب ویل کے بارے میں کیا اقدامات اٹھائے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی): (الف) ہاں یہ درست ہے کہ علاقہ دوآبہ تحصیل ٹل میں محکمہ آبپاشی کے گیارہ عدد ٹیوب ویلز کام کر رہے ہیں جن سے باقاعدہ آبپاشی ہوتی ہے لیکن گزشتہ چند مہینوں سے اس علاقے میں امن وامان کی بگڑتی صورتحال کی وجہ سے واپڈا کی کارکردگی بھی بہت بری طرح متاثر ہوئی ہے، جس کی وجہ سے ان ٹیوب ویلز کو باقاعدہ بجلی کی ترسیل اور وولٹیج پورا کرنے میں مشکلات پیش آ رہی ہیں، جن سے مذکورہ ٹیوب ویلز کی کارکردگی بھی وہ نہیں رہی حالانکہ محکمہ آبپاشی کے اہلکار ان مشکلات کے باوجود ٹیوب ویلز کی باقاعدہ مرمت اور نگرانی کر رہے ہیں، جن سے علاقے میں زمینیں بھی سیراب ہوتی رہتی ہیں اور باقاعدہ فصلات بھی پیدا ہو رہی ہیں۔

(ب) اس سلسلے میں واپڈا کے مقامی افسران سے باقاعدہ میٹنگ ہوا کرتی ہیں اور ان کو مسلسل آگاہ رکھا جا رہا ہے۔ ان کے اہلکار بھی علاقے میں فرائض کی انجام دہی میں مشکلات کا سامنا کر رہے ہیں اور بجلی کی ترسیل یا کم وولٹیج کو پورے ملک کا مسئلہ قرار دے رہے ہیں۔

جناب سپیکر: جی، بل څه سپلیمنټری سوال پکښې شته؟

مفتی سید جانان: زۀ جی دا وایم چه د دغه ضلع کښې یولس ټیوب ویلې دی او نورې نشته دے، دا ټیوب ویلې تقریباً د یو دوه کالو نه مسلسل بند دی او واپډې والا او محکمې والا سره بار بار مونږه رابطه کړے ده او هغوئ ته مو وئیلی دی خو دیکښې دوئ لیکلی دی چه دلته کښې د لاء اینډ آرډر مسئله ده، زۀ خو دا گزارش کومه چه دا هیڅ خبره نه ده جی، دا د ځان د خلاصلو د پاره یوه خبره ده او په دے زمونږه زمکے آبادے دی، په دے باندے ډیرے لوئے زمکے آبادے دی او دا هسے خبره ده چه د لاء اینډ آرډر مسئله ده۔ هلته کښې ټولے محکمے کار کوی او هیڅ څه نشته دے۔ منسټر صاحب ته زۀ دا گزارش کوم چه دوئ د لږه توجه ورکړی ځکه چه په دے ډیرے زمکے آبادے دی۔

جناب سپیکر: جی، پرویز خان خٹک صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: سر، زما یو سپلیمنټری کوئسچن دے۔

جناب سپیکر: په دیکښې؟

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: جی۔

جناب سپیکر: پرویز خان! تاسو کښینی۔ جی، ثاقب خان چمکنی صاحب۔

جناب ثاقب اللہ خان چمکنی: ډیره مهربانی۔ جناب سپیکر، په پیښور ضلع کښې او بیا زمونږه چونکه رورل ایریا ده نو په هغے کښې ډیرے زیاتے ټیوب ویلے بند دی او د هغه وجه دا ده چه په هغے کښے د کلاس فور کمے دے او زۀ خبر یم، ما آنریبل منسټر صاحب سره په دے باندے ډیر ډسکشن هم کړے وو او زۀ د دوئ د Efforts ډیره زیاته شکریه ادا کومه چه دوئ ور کښې کړی دی خو سر، د کلاس فور ویکنسیز دی او هغه 'ایس این ایز' تیار دی خو تر اوسه پورے د فنانس نه د هغے څه جواب نه دے ملاؤ شوے۔ بل دا چه د کلاس فور د مختلف ځایونو نه، د مردان او زما په خپله علاقه کښے جی د مردان، د چارسدے یو آپریټر دے چه هغه کله نه وی راغلے نو د هغے د وجے نه هم ټیوب ویلے بند وی نو سر، زما دوه ضمنی کوئسچنز دی چه آیا دا کوم ټیوب ویلے چه بند دی او د کلاس فور پالیسی د لوکل خلقو نه اغستل دی نو په هغے باندے محکمے څه کارروائی

کړے ده ؟ او که کړے ئے نه ده نو د هغے څه Status دے جی او چه کوم ځائے کښے دا ویکنسیز دی نو د هغے څه Status دے ؟ د دے دوه خبرو جواب ستاسو په وساطت باندے زهٔ د منسټر صاحب نه غواړم۔

جناب سپیکر: جی، پرویز خان خٹک صاحب۔

جناب محمد علی خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: یو منټ جی، دا محمد علی خان چه هم واورو۔ محمد علی خان! ستاسو پکښے څه ضمنی سوال دے ؟

جناب محمد علی خان: ضمنی کوئسچن دا دے چه زمونږه په شبقدر کښے د ایریګیشن ټیوب ویل دے او کلاس فور ترینه ریټائرډ شوے دے او اوس محکمے والا وائی چه په دے باندے مونږه د ضلعے د هر ځائے نه کلاس فور اغستے شو، ما ورته وئیل چه نه، لوکل سړے به اخلئ چه هغه هر وخت ټهیک ټهاک وی خو هغوی وئیل چه نه مونږه به ئے د ډسټرکټ نه اخلو نو په دے بابت کښے زهٔ دا وایم جی که د بل ځائے کلاس فور راغلو نو بیا به هر وخت ټیوب ویل بند وی۔

جناب محمود عالم: جناب سپیکر۔

جناب سپیکر: جی پرویز خان، خدائے د ورته تکړه کړه خو اودرېږه چه دا محمود عالم صاحب هم واورو۔ خبره د ټانک نه شبقدر او کوم کوم ځائے ته لاړه او د بندیدو نه کلاس فور ته راغله۔ جی محمود عالم صاحب۔

جناب محمود عالم: مہربانی جناب سپیکر، کہ آپ نے ٹائم دے دیا ہے اور یہی مسئلہ ہمارے کوہستان میں بھی ہے کہ دوسرے ضلعوں سے کلاس فور کو لاکر لگایا جاتا ہے۔ خدا کی قسم سپیکر صاحب، ہمارے کوہستان کے ساتھ یہاں سوتیلی ماں جیسا سلوک کیا جارہا ہے اور ہم حکومت بنچز پر بیٹھ کر بھی پریشان ہیں اور سوچ رہے ہیں کہ ہم اپوزیشن میں بیٹھ جائیں۔ ایسا سلوک تو آپ اپوزیشن کے ساتھ بھی نہیں کرتے جو ہمارے ساتھ کر رہے ہیں۔۔۔۔

(تالیاں)

آوازیں: آجائیں، آجائیں۔

جناب محمود عالم: یقین کریں جناب سپیکر صاحب، کہ پبلک ہیلتھ کے اندر بائیس ویکنسیاں تھیں اور نو نئے اپوائنٹمنٹ ہوئی ہیں، میرا یہ ضمنی کوئسچن ہے جناب سپیکر صاحب، کہ بائیس پوسٹیں ہیں جن پر پبلک ہیلتھ کے اندر۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: محمود عالم صاحب۔

جناب محمود عالم: صوابی، مردان اور چارسدہ سے نوبندوں کو لاکر ہمارے کوہستان میں پبلک ہیلتھ کے اندر اپوائنٹ کیے گئے ہیں اور اس کے بارے میں کیا وجہ ہے؟۔۔۔۔۔

جناب سپیکر: محمود عالم خان صاحب۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آپ In order ہو جائیں۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب سپیکر: آپ خاموش ہو جائیں۔ محمود عالم خان صاحب! آپ بات سنیں، دیکھیے اریگشن محکمے کے بارے میں سوالات ہو رہے تھے اور آپ پبلک ہیلتھ کی طرف چلے گئے۔ یہ تو ورکس اینڈ سروسز کے ساتھ ہے۔

جناب محمود عالم: جناب سپیکر، ہمارے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔

جناب سپیکر: جی، پرویز خان خٹک صاحب۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب عبدالاکبر خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: عبدالاکبر خان صاحب! آپ بیٹھ جائیں۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب محمود عالم: جناب سپیکر صاحب! بائیس پوسٹوں کو چھپایا گیا ہے، پتہ نہیں کدھر سے وہ بندوں کو لانا چاہتے ہیں اور وہ ہمارا حق بنتا ہے اور اس پر لوگ کہیں اور سے لگائے جائیں گے (تالیاں) یہ ہمارا جائز حق بنتا ہے۔ ہمارے ساتھ سراسر ناانصافی ہے اور جب تک یہ فیصلہ نہیں ہوتا ہم اپوزیشن بنچوں پر بیٹھیں گے (تالیاں) کیونکہ حکومتی بنچوں پر بیٹھنے کا کوئی فائدہ نہیں۔

(تالیاں)

آوازیں: آجائیں،آجائیں،ادھر آجائیں۔

جناب سپیکر: پرویز خان! مفتی جانان صاحب کا جو مسئلہ ہے-----

جناب عبدالستار خان: ہم محمود عالم صاحب کی تائید کرتے ہیں اور یہ ہمارے ساتھ بھی ہو رہا ہے۔

(شور / قطع کلامیاں)

جناب محمود عالم: ہمارے ساتھ سراسر ناانصافی ہو رہی ہے-----

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر صاحب-----

جناب سپیکر: اس کے بعد۔

جناب عبدالستار خان: جناب سپیکر صاحب۔

جناب سپیکر: اس کے بعد،آپ بیٹھ جائیں۔فی الحال محمود عالم صاحب۔تو آپ بیٹھ جائیں۔

(شور/تالیاں)

جناب سپیکر: پرویز خان خٹک صاحب! ہمارے مفتی جانان صاحب کا جو مسئلہ ہے-----

جناب محمود عالم: جناب ہمارے ساتھ زیادتی ہو رہی ہے۔

جناب سپیکر: وہ مفتی جانان صاحب کے سوال کا پہلے جواب دے دیں تو اس کے بعد آپ اس ایشو کو اٹھائیں لیکن طریقے سے۔اگر آپ اس طریقے سے چلیں گے تو لوگ آپ کو کیا سمجھیں گے؟ آپ اپنے رولز کا خود خیال نہیں کرتے۔

وزیر آبپاشی: جناب سپیکر صاحب، زما په خیال محمود عالم صاحب سره بے شکه زیاتے شوے دے-----

جناب سپیکر: دا پریږده جی، هغه به وروستو کوئ، اول د مفتی جانان صاحب د سوال جواب ورکړه۔

وزیر آبپاشی: ایریگیشن ډیپارټمنټ ئے نه دے کړے، پکار نه ده چه کلاس فور د بلے ضلعے نه یا نور خلق د بهرتی کړی۔ دا د ایم پی ایز حق دے، زۀ همیشه د دے په حق کښے خبره کومه جی۔ دویمه خبره چه کومه د ټیوب ویلز ده نو دا د ایریگیشن ډیپارټمنټ کار دے چه مونږه تاسو ته ټیوب ویل مرمت کړو او تیار ئے درته اوساتو نو زما دا یقین دے چه د ایریگیشن ټیوب ویلز ټولے مرمت دی او کارکردگی ئے ټهیک ده که چرته ټیوب ویلز خراب وی او که څه پکښے مسئله

وی نو ستاسو ایکسین به زۀ Depute کړم، تاسو سره به لاړ شی او هغه ټول مرمت به درته اوکړی او که د بجلئ د وولټیج مسئله وی نو هغه د هیڅ چا په وس کښے نه ده او هغه زمونږه د ټولو یو شان پرابلم دے، هغه د ټولے صوبے او د ټول پاکستان پرابلم دے او که دلته کښے داسے څه پرابلم وی نو تاسو هر وخت مونږ ته راتلے شئ او ټیوب ویلز زمونږ کار دے چه هغه به روانے ساتو او که د لاء اینډ آرډر هلته کښے خبرے نه وی نو تاسو لوکل ایم پی اے یئ او دا ستاسو زمه واری ده۔ ایکسین ته به زۀ اووایم که د لاء اینډ آرډر بهانه ئے کړے وی، هغه به خامخا ټیوب ویل سټارټ کوی او هغه بند نه شی پاتے کیدے۔ بله جی د ټولو نه ضروری خبره چه اسمبلئ کښے مخکښے هم د یو قرارداد یا د یو بل په شکل کښے شوے وه چه د پبلک هیلتھ ټیوب ویلز باندے چه کومه بهرتی شوے ده نو هغه یو آپریټر دے او دویم دریم اوس نشته دے ځکه چه ټیوب ویل بغیر د دریو کسانو نه شی چلیدے، آپریټر، چوکیدار او لائن مین نو هغه چه کوم د پائپونو والز وغیره بدلوی نو دغه شان ایریګیشن کښے هم مونږ ته پرابلم دے چه یو یو کس پرے بهرتی وی او ډیرے ټیوب ویلے داسے دی چه په هغے باندے هډو بهرتی نشته دے نو زما خیال دے چه تاسو داسے یو دغه پاس کړئ چه ټیوب ویلز د دریو کسانو نه بغیر څنګه چلیدے شی؟ که چوکیدار نه وی نو مشینان رانه پټیږی، ټرانسفارمر رانه پټیږی او زما په ریکارډ کښے ده چه نیمه میشنری خلقو پټه کړه او چه ټپوس کوؤ نو وائی چه هلته موجود څوک نشته دے نو داسے یو متفقه فیصله مخکښے هم شوے ده لیکن عملدرآمد پرے نه کیږی۔ زما په ایریګیشن ډیپارټمنټ کښے په نوشهره او پشاور کښے کم سے کم چھ سو پوسټونه خالی دی، شپږ سوه پوسټونه په ټیوب ویلز کښے خالی دی، دغه شان په ټولو ضلعو کښے خالی دی۔ ما دوه ځله کیس واستولو چه فنانس ډیپارټمنټ د هغے Approval راکړی خو تر اوسه پورے ئے Approval نه دے راکړے۔

*<u>جناب سپیکر:</u> میں آپ کو ایک بات وضاحت سے کہتا ہوں کہ آپ کیبنٹ میٹنگ میں ہوتے ہیں تو آپ لوگ کیا کرتے ہیں؟ (تالیاں) ایک منٹ، آپ ہر چیز ہاؤس کو لاتے ہیں۔ یہ سارے ایڈمنسٹریٹیو پرابلمز ہیں اور آپ ادھر بیٹھ کر آپس میں خود ہی فیصلہ کر لیں۔ ابھی ثاقب خان نے بھی کہا کہ ادھر بھی ٹیوب ویل بند ہے اور آپریٹر نہیں ہے، کلاس فور نہیں ہے، محمود عالم صاحب بھی رو رہے ہیں،*

سارا ہاؤس رو رہا ہے تو Kindly اس کو Seriously لے لیں۔ یہ ایشوز ایسے ہیں کہ آپ کب تک اس پر آنکھیں بند رکھیں گے۔

<u>وزیر آبپاشی:</u> جناب سپیکر، اگر ہم خط لکھتے رہے اور جواب نہیں دیا جاتا تو۔۔۔۔۔

<u>جناب سپیکر:</u> جی، بس Next کیبنٹ میٹنگ میں یہ سارے چیزیں اٹھالیں۔آگے جی، آگے ملک قاسم خان خٹک صاحب، کوسچن نمبر 470۔

* 470 ۔<u>ملک قاسم خان خٹک:</u> کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبپاشی سیلاب سے متاثرہ علاقوں کیلئے فنڈ مختص کرتا ہے؛

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(I) 2005 سے لیکر تاحال سیلاب کیوجہ سے کن کن علاقوں میں کتنا نقصان ہوا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؛

(II) فلڈ ریلیف کی جو رقم وصول کی گئی ہے، وہ کب، کہاں اور کس طرح استعمال کی گئی ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

<u>جناب پرویز خٹک (وزیر آبپاشی):</u> (الف) محکمہ آبپاشی صوبہ سرحد سیلاب سے متاثرہ علاقوں کے کام کا سروے اور تخمینہ لاگت بناکر صوبائی حکومت کو فنڈ مختص کرنے کیلئے ارسال کرتا ہے۔اس ضمن میں فنڈ فنانس ڈیپارٹمنٹ اور پی اینڈ ڈی ڈیپارٹمنٹ صوبہ سرحد مختص کرتے ہیں۔

(ب) (I) سیلاب سے جن جن علاقوں میں نقصان ہوتا ہے، اس کی تفصیل محکمہ مال صوبہ سرحد تیار کرتا ہے۔ جہاں تک فلڈ اینڈ ڈرینج سرکل پشاور کا تعلق ہے تو وہ صرف فلڈ سے متعلقہ کاموں کو عملی جامہ پہناتا ہے۔

(II) فلڈ ریلیف فنڈ کے استعمال کی تمام تفصیل محکمہ مال، ریلیف کمشنر صوبہ سرحد سے حاصل کی جاسکتی ہے۔فلڈ اینڈ ڈرینج سرکل پشاور کو فلڈ ریلیف کی مد میں کوئی فنڈز موصول نہیں ہوئے ہیں۔

<u>Mr. Speaker:</u> Any supplementary?

<u>ملک قاسم خان خٹک:</u> جی ہاں۔جناب سپیکر! آپ کی وساطت سے جناب منسٹر صاحب سے چونکہ میں نے یہ کوسچن اسلئے کیا تھا کہ کرک بھی آپ کے علم میں ہے کہ سیلاب زدہ علاقہ ہے اور جس طرح ٹانک، لکی مروت، ڈی آئی خان میں رود کوہی کی سکیم بنی ہے تو میں آپ کی وساطت سے ریکویسٹ کرونگا کہ وہ اس میں کرک کو شامل کرنے کا ارادہ رکھتے ہیں تاکہ بڑی سکیم بنائیں؟

جناب سپیکر: جی پرویز خان خٹک صاحب، آنریبل منسٹر فار اریگیشن، پلیز۔
جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب سپیکر، جب بھی میں ایک بات کرنا چاہتا ہوں۔
جناب سپیکر: جی، منور خان۔ آپ بھی بولیں لیکن ان کے بعد۔ جی، آپ جواب دے دیں۔
جناب منور خان ایڈوکیٹ: میں منسٹر صاحب سے یہی رود کوہی کے بارے میں پوچھنا چاہتا ہوں۔ لکی مروت کا ذکر اس میں ہے تو سر، میں منسٹر صاحب سے یہ پوچھنا چاہتا ہوں کہ وہاں پر جو بلڈوزر گئے تھے لیکن ابھی تک ہمیں اس کے بارے میں کوئی معلومات نہیں ہیں کہ وہ کون تقسیم کر رہے ہیں اور کس کے ذمہ ہیں؟ کم از کم وہاں پر لوکل ایم پی سے تو یہ معلومات کی جائیں کہ کہاں چاہیئے بلکہ یہاں تک ہمیں معلوم ہوا ہے کہ وہاں یہ بک رہے ہیں سر، جو بلڈوزر کے Hours ہیں، گھنٹے ہیں تو وہ آپس میں میرے خیال میں۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: جی، جناب پرویز خان خٹک صاحب۔
جناب منور خان ایڈوکیٹ: تقسیم ہو رہے ہیں تو اس سلسلے میں منسٹر صاحب اس میں۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: آج ایجنڈا بہت Heavy ہے جی، تھوڑا تھوڑا آپ بھی بولا کریں، Only ضمنی سوال کیا کریں۔ جی خٹک صاحب بسم اللہ۔
وزیر آبپاشی: جناب سپیکر صاحب، مجھے سمجھ نہیں آتی کہ کیا چیز بہتر ہے؟ میرے بلڈوزر تو بند پڑے ہیں اور ہم نے Rent out بند کر دیا ہے۔ میں جب سے منسٹر بنا ہوں تو مجھے پتہ نہیں کہ یہ جو آپ کہہ رہے ہیں۔۔۔۔۔
جناب منور خان ایڈوکیٹ: جناب! یہ ایسا ہے کہ۔۔۔۔۔
جناب سپیکر: جی ایک منٹ، ملک قاسم خان کا جو ضمنی سوال تھا تو پہلے ان کا جواب دے دیں۔ پہلے Mover ہیں، Mover کا جواب پہلے دے دیں۔
